آئندہ شماروں کی جھلکیاں

☆ مولانا عبدالماجد دریابادی نے خطبات اقبال کے اردو ترجمے کی خبر پر یہ تبصرہ کیوں کیا تھا کہ ''اقبال، سرسید، خواجہ کمال الدین اسلام کو جب یورپ کے سامنے پیش کرتے ہیں تو ڈرتے رہتے ہیں کہ کوئی بات بھی زبان سے ایسی نہ نکلنے پائے جو یورپ کے مذاق طبیعت پر بار ہو۔ خطبات اگر اردو میں منتقل ہو کر بھی آئے تو اس کی اشاعت کا دائرہ بہت ہی محدود رہے گا اور فتنہ انشاء اللہ کسی وسیع رقبے تک پھیلنے نہ پائے گا۔ [۲۶ر جون ۱۹۳۱ صدق]

☆ علامہ اقبال نے خطبات میں چھٹے خطبے ''اسلام میں اصول حرکت'' میں احکام شریعت کے بارے میں شاہ ولی اللہ کی تصنیف حجۃ اللہ البالغہ سے ایک غلط سلط حوالہ نقل کر کے اسلامی حدود کے بارے میں یہ نقطہ نظر اختیار کیا کہ اسلامی سزائیں عصر حاضر میں بدلی جاسکتی ہیں جب کہ شاہ ولی اللہ نے حجۃ اللہ البالغالہ میں یہ موقف اختیار نہیں کیا۔ اقبال نے امت کے اجماع کے خلاف شاہ ولی اللہ کے محرف حوالے سے ایک ایسا نقطۂ نظر کیوں اختیار کیا جس کی اسلامی تاریخ وتہذیب میں کوئی مثال نہیں ملتی؟ کیا اقبال مغرب سے بے پناہ متاثر تھے؟ کیا اقبال کی نثر اور نظم میں فرق ہے؟ کیا اقبال کی عقلیات اور ایمانیات الگ الگ ہیں؟ تاریخ اور تحقیق کی روشنی میں فکر اقبال کا جائزہ۔

☆ ڈاکٹر جاوید اقبال نے ایوب خان کی فرمائش پر ''دی آئیڈیالوجی آف پاکستان اینڈ اٹس ایمپلی منٹیشن'' کیوں لکھی اور اس کا دیباچہ کیوں تحریر کیا؟ اس کتاب پر ایبٹ نے اپنی کتاب میں کیا تبصرہ کیا؟ کیا اس کتاب میں کسی عربی وفارسی کتاب کا کوئی حوالہ درج ہے؟

☆ اقبال نے لکھا تھا کہ میری عمر زیادہ تر مغربی فلسفے کے مطالعے میں گزری ہے اور یہ نقطۂ نظر ایک حد تک طبیعت ثانیہ بن گیا ہے کہ دانستہ یا نادانستہ اسی نقطہ نگاہ سے حقائق اسلام کا مطالعہ کرتا ہوں لیکن آخر عمر میں اقبال کو اس بات کا تاسف تھا کہ انھیں مغرب کا مطالعہ اسلام کی روشنی میں کرنا چاہیے تھا کیونکہ اصل منہاج حق تو اسلام ہے۔ اقبال اس نتیجے تک کیسے پہنچے؟

☆ ٹونی بلیئر کی تقریر میں پاکستانی مدرسوں کو کیوں مورد الزام ٹھہرایا گیا۔ تقریر کا متن درج ذیل ہے:

There are two views of what is happening in the world today. One view is that what is happening is not qualitatively different from the terrorism we have always lived with ..... We try not to provoke them and hope in time they will wither.

The other view is that this is a wholly new phenomenon. Worldwide terrorism is based on a perversion of the true, peaceful and honourable faith of Islam; that its roots are in the madrassas of Pakistan, the extreme fom of

wahabe doctrine of saudia Arabia in the former training camps of al-Qaedah in Afghanistan. If you take this view, the only path to take is to confront the terrorism, remove its roots and branches and at all costs stop its acquiring the weapons to kill on a massive scale. (The Times, 30 Sep. 2004)

''آج جو کچھ دنیا میں ہو رہا ہے، اس کے بارے میں دو نقطۂ نظر ہیں۔ ایک یہ کہ یہ دہشت گردی کوئی نئی نرالی چیز نہیں۔ یہ ہوتی ہی آئی ہے۔ اس کا کوئی فائدہ نہیں کہ ان لوگوں کو چھیڑا جائے۔ یہ خود ہی ختم ہو جائیں گے۔ دوسرا نقطۂ نظر یہ ہے کہ یہ ایک بالکل نرالا ظہور ہے۔ یہ عالمگیر نوعیت کی دہشت گردی ایک سچے، پرامن اور معزز دین، اسلام کی تحریف پر مبنی ہے اور اس کی جڑیں ہیں پاکستان کے مدرسوں میں، سعودی وہابیت کی انتہا پسندانہ شکل میں اور القاعدہ کے سابق افغانی ٹرینگ کیمپوں میں۔ اس نقطۂ نظر کو قبول کیا جاتا ہے تو پھر واحد راہ عمل یہ ہے کہ اس دہشت گردی سے ٹکرایا جائے، اس کی جڑوں اور شاخوں سب کا صفایا کیا جائے اور کسی بھی قیمت پر یہ نوبت نہ آنے دی جائے کہ اس کے ہاتھ میں وسیع پیمانے پر مار دھاڑ کے ہتھیار آ جائیں''۔

☆ امریکہ میں ہم جنسوں کی پینتیسویں پریڈ میں ہزاروں افراد کی شرکت۔ کیا عالم اسلام میں اس آزادی کی اجازت دی جاسکتی ہے؟ بنیادی حقوق کے تحت ہر شخص کو یہ آزادی حاصل ہے جس کا اظہار وہاں ہو رہا ہے۔

☆ کاغذ کے استعمال کی وجہ سے ہر سال ۳۲۰۰۰ مربع کلومیٹر رقبے کے جنگل کٹ رہے ہیں۔ جس کے باعث ۱۸۵۰ء سے ۱۹۹۰ء کے درمیان ۱۲۰ ارب ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ فضا میں داخل ہوئی۔ گودے (pulp) اور کاغذ بنانے والی کمپنیاں، امریکا اور کینیڈا میں آلودگی کا تیسرا بڑا ذریعہ ہیں۔ حساب لگایا گیا ہے کہ ان کارخانوں سے ہر سال ایک لاکھ ٹن کے قریب زہریلے مادے خارج ہوتے ہیں۔ کیا علم کے نام پر پھیلائی جانے والی اس آلودگی کے ذریعے نظام فطرت کو تباہ کرنے کی اجازت دی جاسکتی ہے؟

☆ فرزند اقبال جاوید اقبال نے ایم اے خلیل کے بانگ درا کے غلط سلط انگریزی ترجمے کا دیباچہ لکھا اور اسے خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب رونمائی میں تحسین فراقی نے اس غلط سلط ترجمے کے بخیے ادھیڑ دیئے جس پر فرزند اقبال نے تبصرہ کیا کہ مجھے نہایت افسوس ہے کہ مترجم نے اس قدر غلط سلط ترجمہ کیا ہے۔ مجھے اس کا اندازہ ہی نہ تھا۔ تحسین فراقی نے اس ترجمے کا کیا تجزیہ کیا؟ فرزند اقبال نے کیا دیباچہ لکھا؟

☆ علامہ یوسف القرضاوی کا فتویٰ جس میں انھوں نے امریکی فوج میں کام کرنے والے مسلمانوں کو امریکہ کی جانب سے جنگ لڑنے کی مکمل اجازت دی؟ فتویٰ کے دلائل اور اس کا تجزیہ؟ اس فتویٰ کا پاکستانی علماء کے دہشت گردی کے خلاف فتوے سے موازنہ، دونوں فتاویٰ کے تقابلی جائزے سے عالم عرب اور ہندوستان کی علمی سطح کا بخوبی اندازہ ہوگا۔

☆ تسلیمہ نسرین، ارشاد مانجی، آمنہ ودود کون ہیں؟ امریکہ میں مخلوط اجتماع کی امامت کرنے والی آمنہ ودود کے اصل مقاصد کیا ہیں؟ دوام فی التغیر کے اصول کا اس ضلالت و جہالت سے کیا تعلق ہے؟